ADMISSION TEST PAPER 2024-25
SUBJECT: URDU
CLASS: 6

Name:	Duration: 30 min
Date:	Marks Obtained: /25

سوال ا۔درج ذیل عبارت کو بغور پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔

(/۱۰)

براعظم شمالی امریکا میں کوسٹاریکا نامی ایک چھوٹا سا خوب صورت ملک ہے۔ یہاں کی سب سے قابل ذکر فصل "کافی" ہے۔ یہاں سے "کافی" ساری دنیا میں فراہم کی جاتی ہے جس سے اسے کافی زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے۔ یہاں اس فصل کو وہاں کے دیہات کے لوگ بڑے ذوق شوق سے اپنے گھروں میں کاشت کرتے ہیں۔ چونکہ یہ درخت سائے میں پھلتے پھولتے ہیں اس لیے انھیں بڑے بڑے درختوں کے سائے میں لگایا جاتا ہے۔ ابتداء میں ان کے پودوں پر سرخ چیری جیسے پھل نکلتے ہیں جو بعد میں پک کر گہرے سرخ رنگ کے ہو جاتے ہیں۔ اس دوران گھر کا ہر فرد ان پودوں کی دیکھ بھال کرتا ہے خاص کر بچے صبح اسکول جانے سے پہلے ان کے پتوں اور شاخوں کی کٹائی کرتے ہیں۔ جب فصل بالکل تیار ہو جاتی ہے تو گھر کے سب چھوٹے بڑے پیار سے ان چیری نما سرخ پھلوں کو ایک چادر پر اکٹھا کر لیتے ہیں۔ اس کے بعد چھکڑے پر لاد کر انھیں قریبی فیکٹری میں لے جایا جاتا ہے۔ گھر کا سربراہ ایک معقول رقم لے کر خوش خوش گھر لوٹتا ہے۔ ادھر فیکٹری کے بہت بڑے صحن میں دور تک سرخ پھل نظر آتے ہیں۔ دھوپ میں تین چار دن پڑا رہنے کے بعد ان کی رنگت سیاہ ہو جاتی ہے۔ یوں. لگتا ہے کہ جیسے ہر طرف کالی پہاڑیاں سر اٹھائے کھڑی ہوں۔ یہاں سے انھیں مزید صفائی اور ذائقے کے لیے فیکٹری کے اندر ہی. خاص مراحل سے گزار کر خوبصورت پیکنگ میں بند کر کے دکانوں پر سجا دیا جاتا ہے۔

ا۔ کوسٹاریکا کہاں ہے اور یہاں کی اہم فصل کون سی ہے؟ (/۲)

___

___

___

SAMPLE PAPER

۲۔ کافی کے درخت کہاں لگائے جاتے ہیں؟ (/۲)

۳۔ لوگ کافی کے درختوں کی دیکھ بھال کیسے کرتے ہیں؟ (/۲)

۴۔ فصل تیار ہونے کے بعد کیا کیا جاتا ہے؟ (/۲)

۵۔ ایسے کیوں لگتا ہے جیسے ہر طرف کالی پہاڑیاں سر اٹھائے کھڑی ہوں؟ (/۲)

SAMPLE PAPER

سوال نمبر ۲۔ مندرجہ ذیل مذکر جملوں کو مونث میں اور مونث کو مذکر جملوں میں تبدیل کر کے لکھیے۔ (/۳)

ا۔ دادی اماں نماز پڑھ رہی ہیں۔

۲۔ اونٹ صحرا میں بھاگتا ہے۔

۳۔ بچی کھانا کھا رہی ہے۔

سوال نمبر ۳۔ مندرجہ ذیل واحد جملوں کو جمع میں اور جمع جملوں کو واحد میں تبدیل کیجیے۔ (/۲)

ا۔ سڑکیں سنسان پڑی ہیں۔

۲۔ لڑکی رو رہی ہے۔

SAMPLE PAPER

سوال نمبر ۴۔ مندرجہ ذیل عنوان پر دیئے گئے اشارات کی مدد سے ۷۵ سے ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کیجیے۔

(/۱۰)

سورج کے فوائد و نقصانات

فصلوں اور پھلوں کا پکنا۔ موسموں کی تبدیلی۔ گلیشیئرز کا پگھلنا۔ جِلدی امراض کا علاج۔ سمندر کی لہروں کا اتار چڑھاو۔ بارش کا ہونا۔ موسمِ گرما میں دھوپ کی شدّت۔ لو لگنے کا خطرہ۔۔ آنکھوں اور دماغ پر برا اثر۔۔۔

SAMPLE PAPER

حاصل کردہ نمبر		
	۵	مواد-صورت حال میں رہتے ہوئے لکھنا
	۱.۵	املا
	۱.۵	قواعد
	۱	خوشخطی
	۱	خاکہ /رموزواوقاف
	۱۰	کل نمبر

SAMPLE PAPER